CWAK
COMMUNITY WELFARE ASSOCIATION
KUWAIT

Hawally Al-Ohad Complex, Office-8
P.O.Box 7559, Postal Code-32096 - Kuwait
Mobile: +965 -9850 5844
Email: info.cwak@gmail.com

تاریخ:12-4-2022

محترم جناب عارف علوی صاحب صدر پاکستان۔

موضوع: **پاکستان میں منتخب حکومت کی تبدیلی پر "کویت" میں مقیم پاکستانیوں کو تشویش ہے۔**

تمام آداب و آداب کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے آپ سے گزارش ہے کہ پاکستان میں بیرونی مدد سے "رجیم چینج" کا یہ فعل ہمارے وطن عزیز کے خلاف ایک بہت بڑی سازش معلوم ہوتی ہے۔ اور ہماری قومی حمیت وغیرت اس سازش اور مداخلت کی آزادانہ تحقیق کا تقاضہ کرتی ہے۔ اس مداخلت سے نا صرف پاکستان کی بین الاقوامی شہرت کو نقصان پہنچا ہے بلکہ قومی سلامتی خود مختاری اور سب سے اہم عوام اور اداروں کے درمیان بداعتمادی کی خلیج بھی کھڑی کر دی ہے۔ جو عوام اور بلخصوص نوجوانوں میں عدم اعتماد کا باعث بن رہی ہے۔ اس دفعہ دشمن نے ایک تیر سے دو نہیں بلکہ متعدد شکار کئے ہیں۔ لحاظ اس معاملہ کو انتہائی سنجیدگی سے دیکھنے کی ضرورت ہے۔

بحثیت پاکستانی شہری پاکستان کے اندرونی معاملات میں بیرونی مداخلت پر ہمیں تشویش ہے اور شدید دکھ پہنچا ہے اور ہم اس پر شدید احتجاج کرتے ہیں۔ مزید آپ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس شرمناک عمل میں جتنے بھی مشکوک کردار ملوث ہیں ان سب کو حراست میں لے کر ایک خود مختار عدالتی کمیشن کے زریعے جو عدل و انصاف کے تقاضوں کے مطابق ان سے تحقیق کرے۔ اور اس مکروہ فعل میں ملوث پائے جانے والے تمام افراد کو ریاست کے خلاف غداری کرنے کے سنگین جرم پر سزائے موت دی جائے۔

ہم بیرون ممالک میں مقیم پاکستانی، ملک میں امپورٹڈ حکومت کے آنے پر خدشات کا شکار ہیں کہ یہ امپورٹڈ حکومت اس گھناونی سازش کو مستقبل کی نسلوں پر بے نقاب نہیں ہونے دے گی۔ اور ایک بے ضرر کمیشن کے زریعے اس کی تحقیق پر اثرانداز اور حقائق و نتائج کو قوم سے پوشیدہ رکھے گی۔ جس سے عوام اور بلخصوص نوجوانوں کی روح کے فطری نور بجھ اور امیدیں ٹوٹ جائیں گی۔ اگر ایسا عمل ہوا تو یہ ملک کی سالمیت کو خطرے میں ڈالنے کے مترادف ہوگا۔ اب یہ بہادر اور باشعور نوجوان ایسا

عمل کرنے کی کسی کو بھی اجازت نہیں دیں گے چاہے اس نام نہاد ٹولے کو بیرونی مدد حاصل ہو۔ پاکستانی نوجوان اب تیار ہو چکے ہیں کہ اپنی زہنی آزادی و خود مختاری اور ملک کی سالمیت و حفاظت کے لئے جو بھی قیمت انہیں دینا پڑے دیں گے۔ ہماری غیور بہادر وفادار افواج ملک کی سالمیت اور جغرافیائی سرحدوں کی حفاظت کی زمہ داری بخوبی نبھا رہی ہیں اور قوم ان پر اعتماد اور فخر کرتی ہے۔ اسی طرح ملک کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کی زمہداری صدر پاکستان جو سپریم کمانڈر بھی ہیں اور عوام مشترکہ طور پر عائد ہوتی ہے۔ ایک عوامی نمائندہ ہونے کے ناطے میں بڑے وسوق سے کہہ سکتا ہوں کہ عوام نے آپ کی قیادت میں تاریخ کے درست سمت کھڑے ہونے کا فیصلہ کر لیا ہے اور اعتماد رکھیں آپ کو قوم مایوس نہیں کرے گی۔

بیرون ملک مقیم محب وطن شہری و اہلیان

انجنیئر ارشد نعیم چوہدری

صدر سواک کویت، بانی صدر پی ٹی آئی۔ کویت

کاپی: جناب جاوید قمر باجوہ۔ سپہ سالار پاکستان، جناب فاروق عطاء بندیال چیف جسٹس سپریم کورٹ پاکستان۔